© rasailojaraid.com

ممدوح اسکی کثرت اشاعت کیلیے کوئی تدبیر فرمائیں۔

**النبی الخاتم** | تالیف مولانا سید مناظر احسن صاحب گیلانی۔ ضخامت ۲۱۰ صفحات۔ قیمت مجلد ۱۲؍ مکتبہ الفرقان، بریلی۔

سیرۃ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر چھوٹی بڑی کتابیں تو بے شمار ہی لکھی گئی ہیں، مگر یہ مختصر سی کتاب اپنے رنگ میں بالکل نرالی ہے۔ مصنف کا خطیبانہ طرز بیان اور بعض مقامات پر بائیبل کا سا اسلوب اول اول پڑھنے والے کو ذرا پریشان کر دیتا ہے، لیکن جب آدمی ان کے طرز خاص سے ذرا مانوس ہو جاتا ہے تو اس سے بہت فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ اس میں سیرت پاک کے بہت سے اُن پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے جو عموماً سیرت نگاروں کی نگاہوں سے اوجھل رہے ہیں، بہت سی بظاہر چھوٹی چھوٹی باتوں سے بڑے بڑے لطیف نکات پیدا کیے گئے ہیں، اور اسکے صفحات میں جگہ جگہ آدمی کو ایسی معلومات بکھری ہوئی ملتی ہیں جو شائد سیرت کی بڑی بڑی کتابوں میں بھی اسے نہ ملینگی۔

**اسلام کیسے شروع ہوا؟** | تالیف جناب عبدالواحد سندھی جامعی۔ ضخامت ۲۰۸ صفحات قیمت مجلد عہ۔ مکتبہ جامعہ، دہلی۔

سندھی صاحب کو بچوں کیلیے مذہبی کتابیں لکھنے کا اچھا سلیقہ ہے۔ اس سے پہلے وہ سیرت پاک اور قرآن کے متعلق دو اچھی کتابیں لکھ چکے ہیں۔ اب یہ اسلام کی ابتدائی تاریخ پر انکی کتاب شائع ہوئی ہے۔ اس میں انہوں نے پہلے مختصراً اسلام کی تعلیم کا خلاصہ بیان کیا ہے، پھر یہ بتایا ہے کہ اس تعلیم کو لیکر ابتدا سے دنیا میں نبی آتے رہے، پھر خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ سے اسکی تکمیل کا ذکر کیا ہے، پھر یہ بتایا ہے کہ آخری رسول پاک نے کس طرح مشکلات کا مقابلہ کر کے لوگوں کی اصلاح کی اور ۲۳ سال کی مدت میں سارے ملک عرب کو مسلمان بنا کر چھوڑا۔ مصنف کی زبان شیریں اور سلیس ہے۔ انہوں نے خصوصیت کے ساتھ نبی صلعم کی مکی زندگی کے واقعات کو بڑے سبق

© rasailojaraid.com